آپ اور آپ کا سماجی نگہداشت کا کارکن – کس چیز کی توقع کریں

سماجی نگہداشت کے کارکنان اپنی زندگی اپنی مرضی کے مطابق جینے میں آپ کی مدد کرتے ہیں

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ویلز میں کارکنان آپ کو اچھی نگہداشت اور معاونت فراہم کرتے ہیں، سوشل کیئر ویلز (Social Care Wales) *سماجی نگہداشت کے لیے پیشہ ورانہ معمولات کے ایک ضابطہ (Code of Professional Practice for Social Care)* (ضابطہ) پر عمل کرتا ہے اور یہ یقینی بنانے کے لیے کارکنان کے گروپوں کا اندراج کرتا ہے کہ وہ کام کے لیے مناسب ہوں۔

یہ ضابطہ اصول یا معیارات کا ایک مجموعہ ہے جن پر عمل کرنا نگہداشت پیشہ وران کے لیے لازمی ہے تاکہ محفوظ اور صحت مند رہنے میں آپ کو مدد حاصل ہو۔ یہ کتابچہ آپ کی یہ جاننے میں مدد کرے گا کہ معیارات کیا ہیں۔

ضابطہ کیا کہتا ہے

آپ کو بہترین نگہداشت اور معاونت فراہم کرنے کے لیے، سماجی نگہداشت کے کارکنان کے لیے لازمی ہے کہ وہ:

- بات کہنے اور وہ چیز حاصل کرنے میں آپ کی مدد کریں جو آپ کے لیے اہم ہوں
- آپ کی عزت نفس، رازداری، ترجیحات، ثقافت، زبان، حقوق، عقائد، نظریات اور خواہشات کا احترام کریں
- محفوظ رہنے میں آپ کے ساتھ تعاون کریں
- ایماندار، معتمد اور بھروسہ مند رہیں
- اپنا کام مناسب انداز میں کرنے کے لیے سند یافتہ ہوں۔

مجھے ضابطہ کہاں سے حاصل ہو سکتا ہے؟

یہ ضابطہ socialcare.wales/code پر آن لائن دستیاب ہے
یا ہمیں codes@socialcare.wales پر ای میل کریں

کن لوگوں کے لیے اس ضابطہ پر عمل لازمی ہے؟

نگہداشت صحت کے جملہ کارکنان کو اس ضابطے کی تعمیل کرنی چاہیے خواہ ان سے فی الحال اندراج کرانے کی توقع نہ کی جاتی ہو۔ سماجی نگہداشت کے وہ کارکنان جن کا ہمارے یہاں اندراج ہے ان کے لیے سماجی نگہداشت کے شعبہ میں کام کرتے رہنے کے لیے اس ضابطہ کی تعمیل لازمی ہے۔ وہ درج ذیل ہیں:

- کیئر ہوم برائے بالغان کے منتظمین
- گھریلو نگہداشت کے منتظمین اور گھریلو نگہداشت کے کارکنان
- رہائشی نگہداشت طفل کے منتظمین اور رہائشی نگہداشت طفل کے کارکنان
- رہائشی عائلی مراکز کے منتظمین
- سماجی کارکنان اور سماجی کام کے طلبہ۔

وقتاً فوقتاً دیگر گروپوں کا اضافہ رجسٹر میں ہوتا رہتا ہے۔ مندرجہ ذیل کارکنان کو ہمارے یہاں اندراج کرنے کے منصوبے تیار ہیں:

- ایڈاپشن سروس کے مینیجران
- کیئر ہوم برائے بالغان کے کارکنان
- ایڈلٹ پلیسمنٹ مینیجران
- ایڈووکیسی مینیجران جو بچوں کے ساتھ کام کرتے ہیں
- فوسٹرنگ سروس کے مینیجران
- رہائشی عائلی مراکز کے کارکنان۔

ہمارا رجسٹر یقینی بناتا ہے کہ کارکنان:

- کام کے لیے اہل اور مناسب ہوں
- ان کا کردار اچھا ہو
- ان کے پاس ضروری اسناد ہوں
- پیشہ ورانہ معمولات کے ضابطہ (Code of Professional Practice) کی پابندی کرنے سے اتفاق کرتے ہوں۔

آپ اس پتے پر یہ دیکھنے کے لیے جانچ کر سکتے ہیں کہ آیا کوئی کارکن اندراج یافتہ ہے
www.scwonline.wales/en/search-the-register/

اگر سماجی نگہداشت کا آپ کا کارکن ضابطہ کے مطابق کام نہیں کر رہا ہے تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟

1. socialcare.wales/code پر معیاروں کی جانچ کرنے کے لیے ضابطے کا مطالعہ کریں
2. اپنی نگہداشت کے کارکن کے آجر کے ساتھ اپنی تشویشات شیئر کریں اور دریافت کریں کہ وہ کیا کریں گے
3. اگر آجر آپ کی تشویشات کو حل نہیں کرتا ہے تو آپ شکایات سے متعلق ان کے طریقۂ کار کی ایک نقل طلب کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو معلوم ہو سکے کہ آگے کیا کرنا ہے
4. اگر کارکن ہمارے یہاں اندراج یافتہ ہے اور آجر سے بات کرنے سے کچھ حاصل نہیں ہوا تو ہماری فٹنس ٹو پریکٹس (Fitness to Practice) کو ftp@socialcare.wales پر ای میل کریں اور وہ لوگ آپ کی ترجیح کے لحاظ سے بذریعہ فون یا بذریعہ ای میل جواب دیں گے۔

اگر آپ کسی کمپنی یا تنظیم کے ذریعہ فراہم کی گئی نگہداشت کے معیار کے بارے میں فکر مند ہیں تو آپ کیئر انسپکٹوریٹ ویلز (Care Inspectorate Wales) سے 0300 7900 126 پر یا ciw@gov.wales پر رابطہ کر سکتے ہیں یا careinspectorate.wales پر اس کی ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں